وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا جاپان دورہ (مارچ 07-09، 2024)

09 مارچ، 2024

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے مورخہ 07-09 مارچ 2024 کو جاپان کا دورہ کیا۔

وزیر خارجہ نے جاپان کے وزیر اعظم عزت مآب جناب فومینو کیشیڈا سے ملاقات کی اور وزیر اعظم مودی کی طرف سے انہیں مبارک باد دی۔ وزیر خارجہ نے وزیر اعظم کیشیڈا کو ہندوستان-جاپان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری میں حالیہ پیش رفت سے آگاہ کیا اور تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ان کی رہنمائی طلب کی۔

مورخہ 07 مارچ کو وزیر خارجہ نے خارجہ امور کی وزیر عزت مآب محترمہ یوکو کامیکاوا کے ساتھ 16ویں ہندوستان-جاپان اسٹریٹجک مذاکرات کا انعقاد کیا، جس میں ہندوستان-جاپان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری کے وسیع کینوس ، بشمول سیاسی تبادلے؛ تجارت، سرمایہ کاری، بنیادی ڈھانچہ اور ٹیکنالوجی میں باہمی تعاون؛ ترقیاتی تعاون؛ دفاعی اور سلامتی کے امور میں تعاون؛ نیز ثقافتی اور عوام سے عوام کے رابطے کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں وزراء نے تعلقات کوعصری تقاضوں کے مطابق جوابدہ بنانے اور ہم دونوں ممالک لوگوں کے درمیان بہتر افہام و تفہیم کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ ان کی بات چیت میں دیگر باتوں کے علاوہ متعلقہ سیمی کنڈکٹر ماحولیاتی نظام کی تعمیر کے لیے تعاون، گرین ٹیکنالوجز، دفاعی آلات اور ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل ادائیگیوں، نقل و حرکت کے انتظامات، ہندوستان میں جاپانی زبان کے فروغ وغیرہ پر بات چیت کی گئی۔ اس بات چیت کے دوران ہند-بحرالکاہل میں باہمی دلچسپی کے علاقائی مسائل اور اہم عالمی پیش رفت کا بھی احاطہ کیا گیا۔

وزیر خارجہ نے سینئر سیاسی رہنماؤں ، بشمول ایل ڈی پی کے نائب صدر مسٹر تارو آسو؛ مسٹر توشیمتسو موٹیگی، ایل ڈی پی کے سیکریٹری جنرل؛ اور مسٹر یوشیہائیڈ سوگا، جاپان انڈیا ایسوسی ایشن کے چیئرمین سے بھی ملاقات کی۔ ان ملاقاتوں میں دوطرفہ شراکت داری کی تائید کے مضبوط جذبات کا واضح ثبوت کا مشاہدہ کیا گیا۔

اس دورے کے دوران، وزیر خارجہ نے مسز ایکی آبے سے بھی ملاقات کی اور وزیر اعظم مودی کا ایک خط ان کی خدمت میں پیش کیا گیا جس میں جاپان کے آنجہانی وزیر اعظم جناب شنزو آبے کی والدہ مادام یوکو آبے کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا گیا تھا۔

اپنے دورے کو بروئے کار لاتے ہوئے، وزیر خارجہ نے جاپان میں عوام اور رائے سازوں کے ایک وسیع حلقے سے بات چیت کی۔ وہ ٹوکیو میں افتتاحی رائسینا گول میز کانفرنس میں بھی شریک ہوئے اور ابھرتے ہوئے عالمی رجحانات کے مجموعی تناظر میں ہندوستان-جاپان دو طرفہ تعلقات پر تبصرہ کیا۔ وزیر خارجہ نے ہندوستان-جاپان شراکت داری پر نکی فورم سے بھی خطاب کیا، تعلقات میں تاریخی اور موجودہ رفتار کا خاکہ پیش کیا اور نئے امکانات کی عکاسی کرنے کی کوشش کی۔

وزیر خارجہ کے اس جاپان دورے نے اپنے 10ویں سال میں جاری دوطرفہ تعاون کا جائزہ لینے اور دونوں ممالک کے درمیان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری کو معیار کے مطابق تبدیل کرنے کے طریقے تلاش کرنے کا ایک بروقت موقع عنایت کیا۔

نئی دہلی

09 مارچ، 2024